# فہرستِ اصطلاحات

| نمبرشمار | اصطلاح | تشریح |
|---|---|---|
| 1. | Accrued انٹریسٹ | قرض کے واجب الاداء حصے پر عائد ہونے والا انٹریسٹ |
| 2. | ایکوائرر | ایکوائررز وہ بینک اور مالیاتی ادارے ہیں جو کاروباروں کے ساتھ باہم مربوط ہوکر کریڈٹ / ڈیبٹ کارڈ کی ادائیگیاں قبول کرتے ہیں۔ |
| 3. | ایڈوانس بکنگ | تیارکنندہ کو پیشگی ادائیگی کے ذریعے گاڑی کی بکنگ |
| 4. | معاہدے پر مہر لگانے کے چارجز | مالیاتی معاہدے پر مہر لگانے کے چارجز، جو صارف ادا کرتا ہے |
| 5. | امورٹائزیشن | مقررہ مدّت کے اختتام پر مساوی متواتر اقساط میں قرض کی ادائیگی، بشمول واجب الاداء حصے پر accrued انٹریسٹ |
| 6. | امورٹائزیشن شیڈول | مساوی ماہانہ اقساط (ای ایم آئی) بشمول پرنسپل اور مارک اپ کی تقسیم اور واجب الاداء قرض کی معلومات |
| 7. | سالانہ فیس / رینیوئل فیس | کریڈٹ کارڈز / ریوالونگ لائن سہولیات کی دیکھ بھال کی سالانہ فیس |
| 8. | قابلِ اطلاق شرح | سہولت پر عائد کردہ شرح |
| 9. | درخواست / قرض کی درخواست کا فارم | بینکنگ سہولیات سے استفادہ کے لئے فارم جس کو بینک کی شرائط کے مطابق پُر کیا جاتا ہے اور اس پر دستخط کئے جاتے ہیں۔ فارم میں پُر کئے جانے کے لئے مطلوبہ تفصیلات ہر سہولت کے لئے مختلف ہوں گی۔ درخواست کے ساتھ کچھ مخصوص دستاویزات منسلک کرنا مطلوب ہوسکتا ہے۔ |
| 10. | اپریزل ایجنسی | اثاثوں کی مارکیٹ کی قدر جانچنے کے لئے استعمال کی جانے والی ایجنسی |
| 11. | اے ٹی ایم | آٹومیٹڈ ٹیلر مشین یا کوئی بھی کارڈ سے چلنے والی مشین یا ڈیوائس، خواہ بینک یا دیگر اشترا کی بینکوں یا مالیاتی اداروں یا concerns کی ہو، یا ویزا کارڈ یا ماسٹر کارڈ گلوبل اے ٹی ایم نیٹ ورک کی، یا اس کے ملحقہ نیٹ ورکس کی، جو کارڈ کو قبول کرتی ہو۔ |
| 12. | آٹو لون | ذاتی استعمال کے لئے گاڑی کی خریداری کے لئے قرضے یا مالیاتی سہولیات |
| 13. | بیلنس ٹرانسفر (بی ٹی ایف) | قرض دار کی موجودہ مالیاتی سہولت کے بقایہ جات کی دیگر بینکوں /DFIs سے منتقلی |
| 14. | بیلنس ٹرانسفر اکاؤنٹ | مالیاتی سہولت کے معاملات کے لئے صارف کے نام پر ایک اکاؤنٹ کھولا جائے گا۔ |
| 15. | Balloon پیمنٹ | قرض کے واجبات کو کم کرنے کے لئے صارف کی طرف سے اقساط کے علاوہ اضافی ادائیگی۔ قرض کے واجبات کو کم کرنے کے لئے صارف کی طرف سے اضافی ادائیگی۔ |
| 16. | بینکرز لین | اثاثے پر بینک کا چارج |
| 17. | Base ریٹ | قرض کی پرائسنگ کے تعین کے لئے بینچ مارک شرح۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .18 | بلنگ سائیکل | مہینے کی وہ تاریخ جب بل / اسٹیٹمنٹ بنایا جاتا ہے۔ |
| .19 | BOQ | بل آف کوانٹٹی - کنسٹرکشن کے معاملات میں رقم کی تقسیم |
| .20 | بزنس پرسن | ذاتی کاروبار کا حامل فرد |
| .21 | کارڈ | قابلِ اطلاق ویزا کارڈ، ماسٹر کارڈ اور/یا کوئی بھی دوسرا کارڈ بشمول کو۔برانڈڈ کارڈز، ای۔ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، کارڈ ممبر کو بینک کا وقتاً فوقتاً جاری کردہ دوسرا کارڈ، بشمول سپلیمنٹری اور بعدازاں جاری کردہ، رینیوئل یا ریپلیسمنٹ کارڈز۔ |
| .22 | کارڈ اکاؤنٹ | ویزا / ماسٹر کارڈ اکاؤنٹ یا بینک کے وقتاً فوقتاً جاری کردہ کارڈ (یا کارڈز) سے متعلق کوئی بھی اکاؤنٹ، جسے بینک اس مقصد سے کھولے کہ کارڈ ممبر اور سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے یا اس کے لئے کیے گئے اخراجات، یا اس کے یا اس کے لئے وصول کردہ واجبات کو سسٹم میں داخل کر سکے۔ |
| .23 | کارڈ کا جاری کنندہ | کوئی بینک، مالیاتی ادارہ، کریڈٹ یونین یا ایجنسی جو عوام یا اس کے ارکان کو کوئی کارڈ جاری کرے |
| .24 | کارڈ ممبر | وہ شخص جس کو بینک کارڈ جاری کرے، بشمول ہر سپلیمنٹری کارڈ ممبر |
| .25 | کارڈ ریپلیسمنٹ فیس | کارڈ لاپتہ، چوری یا خراب ہو جانے پر بینک کی طرف سے دوسرا کارڈ جاری کرنے کی فیس |
| .26 | کارڈ ٹرانزیکشن | کارڈ کے ذریعے کی گئی ادائیگی یا حاصل کردہ نقد ایڈوانس یا کارڈ اکاؤنٹ سے قابلِ منہا کوئی رقم، یا بینک یا اشیاء، سروسز اور دیگر فوائد کے کسی مرچنٹ کی طرف سے عائد کردہ کوئی رقم |
| .27 | کیش ایڈوانس | وہ رقم، کسی بھی کرنسی میں، جس سے کارڈ ممبر استفادہ کرے، یا جو بینک یا کوئی بھی اشتراکی بینک یا اے ٹی ایم کارڈ ممبر کو قرض کے طور پر دے، خواہ نقد یا ادائیگی کی کسی بھی دوسری شکل میں۔ |
| .28 | چارج بیک | کوئی کریڈٹ کارڈ ٹرانزیکشن، جو واپس لوٹا دی جائے یا رد کر دی جائے، چارج بیک کہلاتی ہے۔ یہ عموماً کریڈٹ کارڈ ہولڈر ناقص مصنوعات، کریڈٹ کارڈ جعلسازی، تنازعہ یا عدم تعمیل کے ردِعمل میں کرتا ہے۔ چارج بیک سے رقم کریڈٹ کارڈ میں واپس آ جاتی ہے۔ |
| .29 | چارج بیک پیریڈ | کسی مخصوص کریڈٹ کارڈ ٹرانزیکشن کے وقت سے ایک مدّت جس کے اندر کریڈٹ کارڈ ہولڈر پر کوئی چارج بیک کرنا لازم ہو، اگر ٹرانزیکشن متنازع ہو۔ |
| .30 | چارجز | بینک کے قوائد وضوابط کے تحت صارف پر بینک کو واجب الاداء رقم، بشمول کوئی ٹرانزیکشنز، سالانہ ممبر شپ، سروسز فیس، تاخیر کی فیس اور دیگر فیس / چارجز |
| .31 | کلین لمِٹ | قرض کی وہ حد جو بینک نے کسی گروی / non-liquid/ liquid سیکیورٹیز کے بغیر منظور کی ہو |
| .32 | کلیئر ٹائٹل | جو جائداد کسی شک وشبہ سے پاک ہو، متنازع نہ ہو، اور اس پر کوئی واجبات نہ ہوں، وہ کلیئر ٹائٹل کی حامل کہلاتی ہے |
| .33 | کلوزنگ بیلنس | کسی مخصوص مدّت / ماہ کے کام کے آخری دن واجب الاداء (یا دستیاب) رقم |
| .34 | Co-borrower | پرائمری شخص کے ساتھ قرض کے لئے درخواست کرنے والا ثانوی شخص |
| .35 | کولیٹرل | قرض کی ادائیگی کی ضمانت کے طور پر قرض خواہ کے پاس گروی رکھا گیا اثاثہ۔ کولیٹرل سیونگز بانڈز، انشورنس پالیسیوں، زیورات، جائداد یا دیگر اشیاء پر مشتمل ہو سکتا ہے جو معاہدے کے مطابق ادائیگیاں نہ ہونے کی صورت میں قرض ادا کرنے کے لئے گروی کے طور پر رکھے جائیں۔ |
| .36 | کلیکٹر | بینک کا وہ ملازم جو ادائیگیاں وصول/حاصل کرنے کا ذمہ دار ہو |

| | | |
|---|---|---|
| 37. | مشترکہ دستخط کنندہ | وہ شخص جو قرض یا کریڈٹ کارڈ کے پرائمری درخواست کنندہ کے ساتھ دستخط کرے جس کے ذریعے درخواست کنندہ کی عدم ادائیگی کی صورت میں ادائیگی کا ضامن بنے |
| 38. | کریڈٹ ہسٹری | کسی شخص کی مالیاتی پروفائل جو اس تفصیل پر مبنی ہو کہ وہ اپنے bills ، قرضے اور مختلف بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں کے واجبات کس انداز میں ادا کرتا ہے |
| 39. | کریڈٹ لمِٹ | وہ زیادہ سے زیادہ رقم جو کوئی شخص بینک کی پیشگی اجازت یا منظوری کی بنیاد پر اپنے اکاؤنٹ سے نکلوا سکتا ہے۔ بالفاظِ دیگر، وہ حد جو کوئی بینک اپنے صارف کے لئے اُس کی کریڈٹ ہسٹری، ادائیگی کی استعداد اور بینک کے ساتھ تعلق کی بنیاد پر طے کرتا ہے۔ |
| 40. | کریڈٹ ریٹنگ / اسکور | کسی متوقع قرض دار (فرد) کے کریڈٹ رِسک کا جائزہ، یعنی اس کے حوالے سے قرض کی ادائیگی کی استعداد کی پیش بنی اور عدم ادائیگی کے امکان کی قطعی پیش گوئی |
| 41. | Cross sell | کسی ایسے شخص کو مصنوعات کی فروخت جو پہلے سے ہی صارف ہو |
| 42. | کرنٹ | تمام ادائیگیاں بروقت کرنے والا صارف |
| 43. | موجودہ بقایہ جات / واجب الاداء بقایہ جات / کُل بقایہ جات | وہ مجموعی رقم جو وقت کے کسی لمحے میں ایک صارف پر سہولیات سے استفادے کے عوض بینک کو واجب الاداء ہو، جس میں تمام چارجز (مارک اپ، تاخیر سے ادائیگی کے چارجز، شمولیت کے چارجز)، فیس (سالانہ، رینیوَل) اور دیگر واجبات شامل ہو سکتے ہیں |
| 44. | صارف | وہ شخص جو بینک کی سہولیات یا مصنوعات سے استفادہ کرے |
| 45. | ڈیلرشپ | گاڑی ڈیلرشپ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے |
| 46. | قرض کی شرح / قرض کا بوجھ | کسی صارف پر اس کی مجموعی ماہانہ آمدنی کے بالمقابل بینکوں یا قرض خواہوں کو واجب الاداء رقم کی شرح، جس سے عکاسی ہوتی ہے کہ صارف کی آمدنی کا کتنا فیصد حصہ ہر ماہ قرضوں کی ادائیگی میں صَرف ہوتا ہے۔ |
| 47. | ڈیفالٹ / ڈیلنکوئنسی | جب صارف بینک کو واجب الاداء رقم / رقوم، خواہ متفقہ شرائط وضوابط کے مطابق یا بغیر، کی عدم ادائیگی کا مرتکب ہو تو یہ ڈیفالٹ (نادہندگی) کہلاتی ہے۔ علاوہ ازیں، معاہدے / شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کو بھی ڈیفالٹ کے زمرے میں شمار کیا جا سکتا ہے۔<br>جب قرض کی اقساط معاہدے میں طے شدہ شرائط کے مطابق واجب الاداء ہونے کے باوجود ادا نہ کی جائیں تو یہ ڈیلنکوئنسی (غفلت) کہلاتی ہے اور متعلقہ اکاؤنٹ کو ڈیلنکوئنٹ شمار کیا جاتا ہے۔ |
| 48. | ڈلیوری ایکسپٹنس فارم | یہ گاڑیوں کے لئے فراہم کئے گئے قرضہ جات کے ضمن میں ایک لازمی دستاویز ہے، جس پر صارف دستخط کر کے ڈیلر سے گاڑی وصول کرنے اور اس پر اپنا قبضہ حاصل ہونے کی توثیق کرتا ہے۔ |
| 49. | مطلوبہ فنانسنگ رقم | صارف کو مطلوبہ رقم |
| 50. | مطلوبہ فنانسنگ مدّت | صارف کو مطلوبہ مدّت |
| 51. | براہِ راست قرض / خودکار قرض کی سہولت | بینک کی طرف سے صارف کو فراہم کردہ سہولت جس کے تحت ادائیگی کی آخری تاریخ کو اس کے اکاؤنٹ سے پوری یا کم سے کم رقم منہا کر دی جاتی ہے۔ |
| 52. | ڈسبرسمنٹ | صارف کے نام پر قرض کی فراہمی |

| | | |
|---|---|---|
| .53 | ڈسکریپنسی | اگر صارف کی قرض کی درخواست یا فراہم کردہ دستاویزات میں کوئی نامکمل یالا پتہ، یا یکے بعد دیگرے لا پتہ دستاویزات ہوں، یا کوئی معلومات پڑھی جانے کے قابل نہ ہوں یا اس میں تضاد ہو، تو یہ ڈسکریپنسی (یعنی کمی) کہلاتی ہے۔ |
| .54 | ڈِس آنرڈ / returned چیک | ادا کنندہ کے بینک کی طرف سے واپس کردہ چیک، جس کی متعدد ممکنہ وجوہات ہوسکتی ہیں، مثلاً نا کافی فنڈز، رقوم میں تضاد، ایسی دستخط جو پڑھے جانے کے قابل نہ ہو، تحریر کے اوپر تحریر، گزری ہوئی تاریخ کا چیک، وغیرہ |
| .55 | متنازع ٹرانزیکشن | کارڈ ہولڈر کوئی ایسی ٹرانزیکشن پوسٹ کردے جس کو وہ قبول نہ کرے اور وضاحت درکار ہو |
| .56 | ڈی پی ڈی | معاہدے میں طے شدہ شرائط وضوابط کے مطابق صارف کی ادائیگی واجب الاداء ہونے کی تاریخ کے بعد گزرنے والے دن |
| .57 | آخری تاریخ / ادائیگی کی آخری تاریخ / قسط کی آخری تاریخ | گوشوارۂ حسابات Minimum/ پیمنٹ اماؤنٹ، کرنٹ بیلنس، یا کسی سہولت کے عوض بینک کو واجب الاداء قسط کی ادائیگی کے نظام الاوقات میں ماہانہ ادائیگیوں کی معیّن کردہ تاریخ |
| .58 | ای - الرٹس | صارف کو بذریعہ ای میل / ایس ایم ایس بھیجے گئے الیکٹرانک الرٹس |
| .59 | Early سیٹلمنٹ | ادائیگی کے نظام الاوقات کے مطابق قرض کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل مکمل قرض کی ادائیگی |
| .60 | ای - بینکنگ / انٹرنیٹ بینکنگ | انٹرنیٹ کے ذریعے بینک سے لین دین۔اس کے لئے ایک خاص پاس ورڈ کے ذریعے بینک کی درخواست تک رسائی حاصل کی جاتی ہے۔ |
| .61 | ای- سی آئی بی / کریڈٹ بیورو | اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے الیکٹرانک کریڈٹ انفارمیشن بیورو - ای سی آئی بی قائم کیا ہے جس کے مطابق تمام بینکوں اور مالیاتی اداروں پر لازم کیا گیا ہے کہ تمام قرضوں اور ایڈوانسز سے اسٹیٹ بینک کو مطلع کیا جائے۔ |
| .62 | ای ایم آئی | ایکوَل منتھلی انسٹالمنٹس، یعنی مساوی ماہانہ اقساط |
| .63 | ایکویٹی / ڈاؤن پیمنٹ | گاڑی میں صارف کا اسٹیک - قرض کی فراہمی سے پہلے صارف گاڑی کی مالیت کا کچھ حصہ ادا کرتا ہے |
| .64 | ایکسپائری ڈیٹ | کارڈ پر درج بینک کی متعین کردہ کارڈ کی تاریخِ تنسیخ |
| .65 | بیرونی ایجنسیز | بینک کے پینل پر موجود صارفین کو سروسز فراہم کرنے والی ایجنسیاں |
| .66 | سہولت کی شرح / پرائسنگ / انٹریسٹ کی شرح / انٹریسٹ | قرض کی رقم پر عائد کردہ مارک اپ کی شرح |
| .67 | ایف سی وائے | فارِن کرنسی اکاؤنٹ، یعنی غیر مُلکی کرنسی کا اکاؤنٹ |
| .68 | ایف ای ڈی | فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی |
| .69 | فنانسنگ اگریمنٹ | صارف اور بینک کے درمیان معاہدے کے لئے استعمال کردہ دستاویزات |
| .70 | فکسڈ ریٹ | قرض کی فراہمی کے وقت متعیّن کردہ مارک اپ کی شرح جو قرض یا سہولت کی مدّت تک نا قابلِ ترمیم ہو۔ |
| .71 | فکسڈ ٹرم | اس کا اطلاق اُن مصنوعات وخدمات پر ہوتا ہے جن کی میعاد طے شدہ ہو۔ اگر اس میعاد کے ختم ہونے سے پہلے بینک مصنوعات یا خدمات میں تبدیلی کرنے کے لئے متفق ہوجائے تو صارف سے اخراجات وصول کئے جاسکتے ہیں۔ |
| .72 | فلوٹنگ ریٹ | مارک اپ کی شرح جو کسی طے شدہ مدّت کے بعد قابلِ تجدید ہو۔ یہ شرح KIBOR جمع منافع کی طے شدہ فیصد سے منسلک ہوتی ہے۔ |
| .73 | ایف ایکس کنورژن چارجز | غیر مُلکی کرنسی ٹرانزیکشنز کے اخراجات، جو صارف پر پاکستانی روپے میں منتقلی کے عوض عائد ہوتے ہیں |

| | | |
|---|---|---|
| .74 | جی سی اے ایس | گلوبل کسٹمر اسسٹنس سروس، یعنی عالمی سطح پر صارفین کے لئے معاونت کی سروس |
| .75 | گارنٹی | اگر کوئی شخص قرض دار کی عدم ادائیگی کی صورت میں اس کا قرض ادا کرنے کا وعدہ کرے تو وہ 'گارنٹر' (ضامن) اور وعدہ 'گارنٹی' (ضمانت) کہلاتا ہے۔ |
| .76 | ہائپوتھکیشن | رہن بالکفالت - بینک کے قرض سے حاصل کی گئی گاڑی پر چارج / رہن (حقِ تصرّف) عائد کرنے کا عمل |
| .77 | انکم اسٹیمیشن ایجنسی | صارف کی آمدنی کا تخمینہ لگانے کی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ |
| .78 | انسٹالمنٹ لون | قرض جس کی ادائیگی کی اقساط کی رقم اور تعداد طے شدہ ہو |
| .79 | انشورنس پریمیئم | بیمہ فراہم کنندہ کو طے شدہ شرح پر اثاثے کا بیمہ کرنے کے عوض واجب الاداء رقم |
| .80 | انشورنس پراڈکٹس | مصنوعات جن کا مقصد صارف کو ممکنہ طور پر مستقبل میں پیش آنے والے حالات کے ضمن میں اس کے اثاثوں اور واجبات کا نقصان پورا کرنا ہوتا ہے۔ |
| .81 | انٹریسٹ فری پیریڈ | انٹریسٹ سے چھوٹ کی مدّت - اس مدّت کا اطلاق صرف ریٹیل ٹرانزیکشنز پر ہوتا ہے۔ اس کا آغاز گوشوارے کے آغاز سے ہوتا ہے، اور اختتام اُس خریداری / ٹرانزیکشن کی ادائیگی پر ہوتا ہے۔ |
| .82 | آئی وی آر | انٹرایکٹو وائس رسپانس - ٹیکنالوجی جو کی-بورڈ کے ذریعے ڈی ٹی ایم ایف (ڈوئل ٹون ملٹی فریکوئنسی) ٹونز وصول کر کے کمپیوٹر کو انسانوں سے باہم مربوط ہونے کے قابل بناتی ہے |
| .83 | KIBOR | کراچی انٹربینک آفرڈ ریٹ - اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کراچی میں ماہانہ بنیاد پر بینکوں کے مابین لین دین پر اطلاق کے لئے پیش کردہ شرح |
| .84 | تاخیر سے ادائیگی کے چارجز | قرض کی اقساط کی تاخیر سے ادائیگی پر عائد کردہ جرمانہ |
| .85 | لائیراپریزل ایجنسی | جائداد کے دستاویز کی توثیق اور جانچ کی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ |
| .86 | لیز فیسلٹی | لیز ایک قانونی معاہدہ ہے جس کے تحت کوئی شخص ( lessee - استعمال کنندہ) کسی دوسرے شخص ( lessor - مالک) کے اثاثے کو استعمال کرتا ہے اور اس کا معاوضہ ادا کرتا ہے۔ |
| .87 | لیز فیسلٹی پرائسنگ | قرض پر عائد کردہ مارک اپ کی شرح |
| .88 | لائبلٹیز | صارف پر بینک کو واجب الاداء کسی بھی نوعیت کی رقم |
| .89 | لنکڈ اکاؤنٹ / ری پیمنٹ اکاؤنٹ | ماہانہ ادائیگیوں / اقساط کی ادائیگی کے لئے کھولا گیا اکاؤنٹ |
| .90 | قانونی چارہ جوئی کے اخراجات | نادہندہ صارف کے خلاف بینک کی جانب سے مقدمہ دائر کئے جانے کے اخراجات |
| .91 | ایل او یو | لیٹر آف انڈراسٹینڈنگ - صارف اور بینک کے درمیان مفاہمتی خط جس میں اہم شرائط وضوابط بیان کئے جائیں |
| .92 | ایل ٹی وی | لون ٹو ویلیو - اثاثے کی مالیت کا قرض کے مقابلے میں تناسب |
| .93 | مینوفیکچرر | گاڑی کا تیار کنندہ |
| .94 | مارجن | بینک کے منافع کی شرح |
| .95 | میچورٹی | قرخ کی ادائیگی کی تکمیل |
| .96 | مرچنٹ | شخص یا ادارہ جو کارڈ کو ذریعہء ادائیگی کے طور پر قبول کرنے والے کو مصنوعات اور/یا خدمات اور/یا دیگر فوائد فراہم کرے |

| | | |
|---|---|---|
| 97. | Minimum پیمنٹ اماؤنٹ | کم سے کم ادائیگی کی رقم - قرض کے واجب الاداء بقایا کی ایک مخصوص فیصد رقم (جس کی ادائیگی ڈیلنکوئنسی / ڈیفالٹ (غفلت / نادہندگی) سے بچنے کے لئے صارف پر لازم ہوتی ہے |
| 98. | ماہ | کیلنڈر کا مہینہ |
| 99. | مورگیج | رہن۔ قرض یا فنانس کے ذریعے فراہم کردہ رقم کی ادائیگی کی ضمانت کے طور پر کسی مخصوص نا قابلِ انتقال جائداد میں اشتراک |
| 100. | ملٹیپل لمٹ | کارڈممبر کے لئے مجموعی طور پر اس کے تمام کارڈز پر منظور شدہ قرض کی کُل حد |
| 101. | این سی سی اے / نان چیکنگ اکاؤنٹ | ایک قسم کا اکاؤنٹ جس میں صارف صرف رقم داخل کرسکتا ہے لیکن اس میں سے نکال نہیں سکتا۔ چنانچہ اس اکاؤنٹ کے لئے صارف کو کوئی انسٹرومنٹس (ڈیبٹ کارڈ، چیک بک، انٹرنیٹ بینکنگ، وغیرہ) فراہم نہیں کئے جاتے۔ |
| 102. | این او سی | قرض کی منظوری کے بعد صارف کے حق میں جاری کردہ 'نو آبجیکشن سَرٹیفکیٹ' |
| 103. | Off Us اے ٹی ایم | دوسرے بینک کے اے ٹی ایم کے ذریعے کی گئی ٹرانزیکشن |
| 104. | On Us اے ٹی ایم | جاری کنندہ کے بینک کے اے ٹی ایم کے ذریعے کی گئی ٹرانزیکشن |
| 105. | آؤٹ اسٹینڈنگ لونز | واجب الاداء قرضہ جات |
| 106. | اوورڈیو پیمنٹس / لیٹ پیمنٹس | قرض اور کریڈٹ کارڈ پر واجب الاداء رقم کا وہ حصہ جو آخری تاریخ (میچورٹی) تک ادا نہ کیا گیا ہو۔ تمام مالی سہولیات اپنی مقررہ آخری تاریخ کے ایک کاروباری دن کے بعد اوورڈیو ہوتی ہیں۔ نادہندہ پر تاخیر سے ادائیگی کی فیس اور دیگر جرمانے عائد کئے جاسکتے ہیں۔ |
| 107. | جزوی ادائیگی | قرض کی عمومی ادائیگی / قسط کے علاوہ اضافی ادائیگی جس کا مقصد واجبات / ماہانہ اقساط میں کمی ہو |
| 108. | پیمنٹ فیسلٹی | کسی شخص یا پارٹی کو بلوں کے تصفیے، یا وقتاً فوقتاً بینک سے منظور کردہ کسی بھی مقصد کے لئے رقم / رقوم کی ادائیگی |
| 109. | پرسنل لونز | افراد کو مصنوعات، خدمات اور اخراجات کی ادائیگی کے لئے فراہم کئے جانے والے ذاتی قرضہ جات، بشمول رننگ فنانس اور ریوالوِنگ کریڈٹ |
| 110. | پن / اے ٹی ایم پن | کارڈممبر کو جاری کردہ پرسنل آئیڈینٹیفکیشن نمبر، جس سے کارڈممبر یا ضمنی کارڈممبر، یا کارڈممبر اور ضمنی کارڈممبر کا منتخب کردہ فرد، کو نقد ایڈوانس کے لئے اے ٹی ایم پر کارڈ استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔ پن آئی وی آر (انٹرایکٹو وائس ریکارڈنگ) کے ذریعے وضع کیا جاتا ہے۔ |
| 111. | پری پیمنٹ / ارلی سیٹلمنٹ | اگر صارف میچورٹی سے قبل قرض کی ادائیگی کرنا چاہے تو اس سے ایک یک مشت ادائیگی بشمول ایف ای ڈی چارجز ادا کرنے کو کہا جائے گا |
| 112. | پری پیمنٹ چارجز | قرض کی قبل از وقت ادائیگی کی صورت میں عائد ہونے والے فنانشل چارجز |
| 113. | پرنسپل | انٹریست کے علاوہ قرض کی بقایا رقم |
| 114. | پراسیسنگ فیس | قرض کی منظور شدہ رقم پر عائد کردہ یکبارگی فیس برائے پراسیسنگ |
| 115. | پراگریسِو لیٹر | وہ تفصیلی معلومات / واقعات / صورتحال جو کارڈ ہولڈر متنازع ٹرانزیکشن کے ثبوت کے خلاف بینک کے ساتھ تنازعہ جاری رکھنے کے لئے فراہم کرے |
| 116. | پرچیز آرڈر | گاڑی کی خریداری کی تصدیق کے لئے بینک کی طرف سے ڈیلر کو جاری کردہ آرڈر |
| 117. | ریٹ ریوژن لیٹر | قابلِ اطلاق شرح کی سالانہ نظرِ ثانی کی صورت میں صارف کے لئے خط |

| | | |
|---|---|---|
| .118 | ریڈی ڈلیوری | جب ڈیلر کے پاس گاڑی ادائیگی پرفوری ڈلیوری کے لئے دستیاب ہو |
| .119 | ریڈی ڈلیوری یوزڈ | جب ڈیلر کے پاس استعمال شدہ گاڑی ادائیگی پرفوری ڈلیوری کے لئے دستیاب ہو |
| .120 | رجسٹریشن چارجز | گاڑی کا ایکسائز اور ٹیکسیشن دفتر میں اندراج کرانے کے لئے درکار رقم |
| .121 | ری پیمنٹ | ادائیگی - قرض لَوٹانے کا عمل۔ ادائیگی قرض کی پوری مدّت کے لئے کی جاتی ہے۔ انٹریسٹ کی فکسڈ یا فلوٹنگ شرحوں کی بنیاد پر بینک یا مالیاتی ادارہ ای ایم آئی (ماہانہ قسط) مقرر کرتا ہے جو ہر ماہ معاہدے میں طے شدہ تاریخ کو یا اس سے قبل واجب الاداء ہوتی ہے۔ |
| .122 | ری پیمنٹ پیریڈ | قرض کی ادائیگی کی مدّت |
| .123 | ری پوزیشن | اصطلاح دُہرائی گئی ہے۔ کوئی بھی ایک تشریح شامل رکھیں۔ |
| .124 | ریوالونگ لون | "evergreen" نوعیت کا قرض جس کی میچورٹی کی کوئی تاریخ نہیں ہوتی (تاہم معاہدے میں مقررہ وقفوں پر سہولت کی تجدید کی شق شامل ہوسکتی ہے)۔ قرض دار کے لئے ایک حد مقرر کر دی جاتی ہے اور اس حد تک وہ جتنی رقم چاہے نکلوا سکتا ہے۔ |
| .125 | ریوارڈ پوائنٹس | کریڈٹ کارڈ سے لین دین کرنے پر صارف کو دیئے گئے پوائنٹس۔ اس سہولت کے خدوخال مختلف بینکوں میں مختلف ہوتے ہیں۔ |
| .126 | سیٹ آف کا حق | نادہندگی یا کسی اور صورت میں بینک کو سیٹ آف کا حق حاصل ہے، یعنی بینک اپنی صوابدید پر صارف کو مطلع کئے بغیر اس کے اکاؤنٹ میں سے واجبات کی وصولی کر سکتا ہے |
| .127 | Rupee / PKR | پاکستانی روپیہ |
| .128 | تنخواہ دار فرد | تنخواہ پر ملازمت کرنے والا شخص |
| .129 | سیل آرڈر | گاڑی کی ڈلیوری سے قبل صارف کے نام بھیجی گئی تصدیقی دستاویز |
| .130 | شیڈول آف چارجز | کارڈ / بی ٹی ایف، کارڈ ٹرانزیکشنز اور / یا کارڈ اکاؤنٹ پر عائد کردہ سروس فیس، چارجز اور دیگر فیس کی تفصیلات کا دستاویز، جو بینک کارڈ ممبرز کو سال میں دو مرتبہ جاری کرتا ہے۔ |
| .131 | سیکیورڈ لمٹ | بینک کی منظور کردہ قرض کی حد جو گروی / non-liquid/ liquid / سیکیورٹیز کے بالمقابل محفوظ ہو۔ نادہندگی یا کسی اور صورت میں بینک کو مذکورہ سیکیورٹی سے واجبات وصول کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ |
| .132 | سیکیورٹی | قرض کے بالمقابل بینک کی سیکیورٹی |
| .133 | سیلف ایمپلائیڈ پروفیشنل | ذاتی پیشہ ورانہ کاروبار کا مالک فرد |
| .134 | سیمی کمرشل | گاڑیاں جن کو انفرادی ضرورت اور کاروباری مقصد، دونوں کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہو |
| .135 | سروس اسٹیبلشمنٹ | جب بینک کسی مرچنٹ کو تعینات کر کے اس کو معاہدے کے مطابق کارڈ ٹرانزیکشنز قبول کرنے اور تنازعات اور استفسارات پر اقدام کرنے کا اختیار دے تو یہ سروس اسٹیبلشمنٹ کہلاتی ہے۔ |
| .136 | سروس فیس / اینوئلائزڈ پرسنٹیج ریٹ (اے پی آر) | بینک کی مقرر کردہ فیس، جس کو شیڈول آف چارجز میں بیان کیا جاتا ہے، جو صارف پر واجبات اور دیگر رقوم کے ضمن میں واجب الاداء ہوتی ہے |
| .137 | ایس ایم ایس فیس | شارٹ میسج سروس چارجز |

| | | |
|---|---|---|
| 138. | اسٹینڈنگ انسٹرکشنز / آٹوڈیبٹ | صارف کی طرف سے اس کے اکاؤنٹ میں سے مقررہ وقفوں سے طے شدہ رقم مِنہا کرنے کی خصوصی تحریری (اور دستخط شدہ) ہدایات۔ کنزیومر فنانسنگ کے پسِ منظر میں اسٹینڈنگ انسٹرکشنز کا مطالبہ عموماً بینک سے قرض حاصل کرنے والے ایسے صارفین کرتے ہیں جن کا ایک اور non checking اکاؤنٹ ہو جس کے ذریعے ادائیگی کی جاسکتی ہے۔ |
| 139. | اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ | بینک کے ماہانہ یا دیگر متواتر گوشوارہ جاتِ حسابات، جو بینک اپنے صارفین کو بھیجتا ہے، جس میں ٹرانزیکشنز کی تفصیلات ظاہر کی جاتی ہیں۔ |
| 140. | سوٹ | قانونی مقدمہ |
| 141. | سپلیمنٹری کارڈ | سپلیمنٹری کارڈممبر سے وہ شخص مراد ہے جس کو اصل / بنیادی کارڈممبر کی اجازت اور مرضی سے سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا جائے |
| 142. | سپلیمنٹری کارڈممبر | وہ شخص جس کو سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا جائے |
| 143. | ٹی پِن | کارڈممبر کو جاری کردہ پرسنل آئیڈنٹفکیشن نمبر تا کہ کارڈممبر، سپلیمنٹری کارڈممبر یا ان دونوں میں سے کسی کا منتخب کردہ کوئی شخص بینک کی فراہم کردہ ٹیلیفون بینکنگ سہولیات کو استعمال کر سکے۔ ٹی پِن کو آئی وی آر سے وضع کیا جاتا ہے۔ |
| 144. | ٹی اے ٹی - ٹرن اراؤنڈ ٹائم | درخواست کی پراسیسنگ کے لئے درکار وقت |
| 145. | عارضی کریڈٹ | متنازع ٹرانزیکشن کے لئے کارڈ ہولڈر کے کارڈ اکاؤنٹ میں پوسٹ کیا گیا محدود مدّت کا کریڈٹ |
| 146. | ٹیننور | مدّت جس کے لئے قرض (ٹرم لون) منظور کیا گیا ہے۔ اس مدّت کو عموماً 12 ماہ کے multiples میں تشکیل دیا جاتا ہے |
| 147. | ٹرم لون | ایک نوعیت کا قرض جو ایک معیّنہ مدّت کے لئے فراہم کیا جاتا ہے اور اس مدّت کے بعد matures یعنی مکمل واجب الاداء ہوجاتا ہے۔ قرض کی اس قسم میں صارف کی طرف سے اقساط کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ قرض کی بقایا واجب الاداء رقم (پرنسپل) میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ |
| 148. | ٹائم بارڈ ٹرانزیکشن | وہ ٹرانزیکشن جو پوسٹ کئے جانے کے 120 دنوں کی حد یا ماسٹر کارڈ / ویزا کی قابلِ اجازت حد کے بعد صارف کی طرف سے متنازع ہوجائے |
| 149. | جائداد کا ٹائٹل | دستاویزات جس میں جائداد کے مالک کی شناخت کی گئی ہو |
| 150. | گاڑی کا ٹائٹل | دستاویزات جس میں گاڑی کے مالک کی شناخت کی گئی ہو، مثلاً ایکسائز فائل یا رجسٹریشن بک |
| 151. | ٹاپ اپ | لائن کو دوبارہ بھرنا یا بڑھانا (line replenishment/enhancement) |
| 152. | ٹوٹل کیش آؤٹ لے (ٹی سی او) | گاڑی کے لئے قرض کی منظوری کے بعد ادا کی جانے والی رقم جو بیعانہ، بیمہ، پراسیسنگ فیس وغیرہ پر مشتمل ہوتی ہے |
| 153. | کُل ماہانہ ادائیگی (ٹی ایم پی) | ماہانہ واجبات بشمول قرض کی اقساط (پرنسپل + مارک اپ) اور بیمہ کا پریمیئم |
| 154. | Trenches | اجزاء میں فراہم کیا گیا قرض |
| 155. | انڈرٹیکنگ | صارف کی طرف سے فراہم کیا گیا متوقع مالی نقصان کا معاوضہ |
| 156. | عدم اطمینان بخش کریڈٹ ہسٹری | جب صارف استفادہ شدہ cross sell سہولت / مصنوعات کے عوض ادائیگیاں نہ کر رہا ہو تو بینک کو اختیار ہوتا ہے کہ اس سہولت کو عارضی یا مستقل طور پر بند کردے |
| 157. | US ڈالر | امریکا کی کرنسی |
| 158. | ویلیڈٹی ڈیٹ | کارڈ پر بینک کی جانب سے معیّن کردہ کارڈ کے قابلِ عمل رہنے کی تاریخ |
| 159. | وِدڈرال فیسلٹی | اے ٹی ایم یا ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے نقد نکلوانے کی سہولت |